

# خطہ پوٹھوار میں زیتون کی کاشت

# سالانہ کیلنڈر


CEFORT
BARI

تحقیقاتی وتربیتی ادارہ برائے زیتون چکوال


## ستمبر

☆ زیتون کی اگیتی اوراچار والی (موٹے پھل والی )اقسام کی برداشت کرتے وقت پھل کا سائز اور پختگی کے لحاظ سے انہیں علیحدہ علیحدہ رکھیں اوران کی سنبھال اورفروخت کا کام جاری رکھیں۔

☆ جتنا پھل آپ سنبھال سکتے ہیں اتنا ہی توڑیں۔

☆ جن پودوں سے پھل برداشت کرلیا گیا ہے ان کو فاسفورس 300 سے 400 گرام فی پودا اور پوٹاش600 سے 750 گرام فی پودا ڈالیں۔

☆ آبپاشی کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں۔

☆ کھودے ہوئے گڑھوں میں گڑھے سے نکالی گئی چھ انچ اوپر والی مٹی میں بھل کی یکساں مقدار ملا کر اس میں 50 کلوگرام گوبر کی گلی سڑی ہوئی کھاد500 گرام ڈائی امونیم فاسفیٹ، 250 گرام پوٹاشیم سلفیٹ اور40 گرام کاربوفیوران ملا کر گڑھے میں ڈال دیں اوراوپر والی سطح پر عام مٹی ڈال کر گڑھے کو بھر کر پانی لگا دیں۔

☆ پودوں کی بنیاد سے نکلنے والے سکرز کو کاٹ دیں۔

☆ وتر آنے پر نئے باغات لگانے کا کام شروع کردیں۔

## اکتوبر

☆ تیار پھل کو برداشت کے بعد فروخت اور مصنوعات سازی کا کام جاری رکھیں۔

☆ تیل نکلوانے کے لیے متعلقہ تیل کشید کرنے والی مشینوں سے اپنی باری کا تعین یقینی بنائیں تا کہ بروقت معیاری تیل کشید کیا جا سکے۔

☆ جن پودوں کو اب تک کھاد کی خوراک نہیں دی گئی ان کو نائٹروجن300 سے 500 گرام فی پودا فاسفورس 300 سے 400 گرام فی پودا اور پوٹاش600 سے 750 گرام فی پودا ڈالیں۔

☆ اگر زیتون کے باغ میں کوئی اور فصل مثلاً گندم وغیرہ کاشت کرنے کا پروگرام ہو تو زمین تیار کر کے کاشتکاری کا عمل مکمل کرلیں۔

☆ نئے پودے لگانے کا کام جلد از جلد مکمل کرلیں۔

☆ چھوٹے پودوں کی آبپاشی حسب ضرورت جاری رکھیں۔

☆ پودوں کے نیچے جڑی بوٹی اور گھاس کو ختم کرنے کے لیے گلائیفوسیٹ کا سپرے 2.5 ملی لیٹر /فی لیٹر پانی کے حساب سے پودے کے تنے سے 5 سے 10 انچ دور سپرے کریں۔

## نومبر

☆ پھل کی برداشت اور سنبھال کا کام مکمل کرلیں۔

☆ چھوٹے پودوں کی آبپاشی کا عمل جاری رکھیں۔

☆ بڑے اور پھلدار درختوں کی آبپاشی کا کام بند کردیں تا کہ پودے خوابیدگی کے مرحلہ میں داخل ہو سکیں۔

☆ پھلدار پودوں کی شاخ تراشی کے لیے انتظامات مکمل کرلیں۔

## دسمبر

☆ نئے باغات لگانے کے لیے داغ بیل (Layout) کا کام مکمل کر کے 3x3x3 کے گڑھے کھودنے کا کام مکمل کریں مزید اس بات کا خیال رکھیں کہ گڑھے کی تہ پتھریلی یا بہت زیادہ سخت نہ ہو۔

☆ کھودے ہوئے گڑھوں میں گڑھے سے نکالی گئی چھ انچ اوپر والی مٹی میں بھل کی یکساں مقدار ملا کر اس میں 50 کلوگرام گوبر کی گلی سڑی ہوئی کھاد 500 گرام ڈائی امونیم فاسفیٹ، 250 گرام پوٹاشیم سلفیٹ اور40 گرام کاربوفیوران ملا کر گڑھے میں ڈال دیں اوراوپر والی سطح پر عام مٹی ڈال کر گڑھے کو بھر کر پانی لگا دیں۔

☆ بڑے پھلدار درختوں کو خوابیدگی میں رکھنے کے لیے آبپاشی کا کام بند کریں۔

☆ چھوٹے پودوں میں گوڈی کر کے زمین نرم کریں اور پانی لگائیں تا کہ پودے سردی کی شدت سے محفوظ رہ سکیں۔

☆ دیر سے پکنے والی اقسام کا پھل برداشت کے بعد مناسب طریقہ پر سنبھال لیں۔

☆ زیتون کے چھوٹے پودوں کی آبپاشی جاری رکھیں اور تین سال تک کی عمر کے پودوں کو 70 سے 130 گرام نائٹروجن،100 سے 150 گرام فاسفورس اور100 سے 200 گرام پوٹاش ڈالیں۔

☆ زیتون کے ہر بار آور پودے کو 400 سے 500 گرام نائٹروجن، 300 سے 400 گرام فاسفورس اور600 گرام پوٹاش ڈالیں۔

☆ پھلدار پودوں کی شاخ تراشی کا عمل شروع کرلیں۔


تحقیقاتی وتربیتی ادارہ برائے زیتون چکوال

Center of Excellence For Olive Research & Training
(CEFORT) Chakwal

فون نمبر: 0543-662012

ای میل: cefortpak@yahoo.com

## جنوری

- ☆ پھل آور پودوں کی شاخ تراشی کریں۔
- ☆ چھوٹے پودوں میں دیمک کے کنٹرول کے لیے کلوروپیری فاس، فپیرونل اور امیڈا کلوپرڈ کی تجویز کردہ مقدار کا استعمال کریں۔
- ☆ زیتون کے ہر بارآور پودے کو400سے500 گرام نائٹروجن ڈالیں۔
- ☆ زیتون کے چھوٹے پودوں کی آبپاشی جاری رکھیں اور تین سال تک کی عمر کے پودوں کو100 سے 200 گرام نائٹروجن،100سے150 گرام فاسفورس اور100سے200 گرام پوٹاش ڈالیں۔
- ☆ نئے باغات لگانے کے لیے داغ بیل اور گڑھے نکالنے کا کام مکمل کرلیں۔
- ☆ پھلدار پودوں کی شاخ تراشی کا عمل مکمل کرلیں۔

## فروری

- ☆ زیتونی سلڈ سے بچاؤ کے لیے کیمیائی زہروں بائیفنتھرین(10EC)، امیڈا کلوپرڈ، سائنوسیڈ، تھایامیتھوکسم یا نائیٹم پائرام میں سے کسی بھی زہر کے محلول سے پودے کے تمام حصے اچھی طرح سپرے کریں اگر ممکن ہو تو درختوں کے نیچے زمین پر سپرے کردیں۔
- ☆ چھوٹے پودوں کا ڈھانچہ بنانے کے لیے ان کی شاخ تراشی کریں۔
- ☆ چھوٹے پودوں کی مناسب آبپاشی جاری رکھیں۔
- ☆ وتر آنے پر نئے باغات لگانے کا کام شروع کردیں۔

## مارچ

- ☆ چھوٹے پودوں کی شاخ تراشی اور آبپاشی کا کام جاری رکھیں۔
- ☆ نئے باغات لگانے کا کام مکمل کرلیں۔
- ☆ نئے لگائے گئے پودوں کے ساتھ چھڑی یا پلاسٹک کا پائپ لگا کر پودوں کو سیدھا کھڑا ہونے کے لیے مدد فراہم کریں۔
- ☆ نئے باغات میں دیمک کے کنٹرول کے لیے کلوروپیری فاس، فپیرونل اور امیڈا کلوپرڈ کی تجویز کردہ مقدار کا استعمال کریں۔
- ☆ چھوٹے پودوں کی شاخ تراشی اور آبپاشی کا کام جاری رکھیں۔
- ☆ پودوں کی بنیاد سے نکلنے والے سکرز کو کاٹ دیں۔

## اپریل

- ☆ ہلکی آبپاشی کا کام حسب ضرورت جاری رکھیں۔
- ☆ چھوٹے پودوں کی تربیت اور آبپاشی کا عمل جاری رکھیں۔
- ☆ پودوں کے تنوں پر چونا اور نیلا تھوتھا کا پیسٹ لگا دیں۔
- ☆ دیمک کے کنٹرول کے لیے کلوروپیری فاس، فپیرونل اور امیڈا کلوپرڈ کی تجویز کردہ مقدار کا استعمال کریں۔
- ☆ پودوں کے نیچے جڑی بوٹی اور گھاس کو ختم کرنے کے لیے گلائیفوسیٹ کا سپرے2.5 ملی لیٹر / فی لیٹر پانی کے حساب سے پودے کے تنے سے5سے10 انچ دور سپرے کریں۔
- ☆ زیتون کے ہر بارآور پودے کو400سے500 گرام نائٹروجن ڈالیں۔
- ☆ زیتون کے چھوٹے پودوں کی آبپاشی جاری رکھیں اور70سے130 گرام نائٹروجن ڈالیں۔

## مئی

- ☆ آبپاشی کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں۔
- ☆ چھوٹے پودوں کو گرمی اور پانی کی کمی سے بچانے کی طرف خاص توجہ دیں۔
- ☆ پودوں کے نیچے سے گھاس اور جڑی بوٹیوں کا تدارک کریں۔
- ☆ چھوٹے پودوں میں دیمک کے کنٹرول کے لیے کلوروپیری فاس، فپیرونل اور امیڈا کلوپرڈ کی تجویز کردہ مقدار کا استعمال کریں۔
- ☆ غیر بارآور پودوں کی شاخ تراشی کا عمل شروع کرلیں۔

## جون

- ☆ آبپاشی کا عمل جاری رکھیں۔ بارش نہ ہونے کی صورت میں وقفے وقفے سے ہلکا پانی لگائیں۔
- ☆ پودوں کے گرد پانی کے دور درست کردیں تاکہ بارش کا کچھ پانی پودے کی جڑوں کے قریب ہی جذب ہو جائے اور فالتو پانی با آسانی جڑوں کے نظام سے دُور نکل جائے۔
- ☆ چھوٹے پودوں میں دیمک کے کنٹرول کے لیے کلوروپیری فاس، فپیرونل اور امیڈا کلوپرڈ کی تجویز کردہ مقدار کا استعمال کریں۔
- ☆ پودوں کے نیچے جڑی بوٹی اور گھاس کو ختم کرنے کے لیے گلائیفوسیٹ کا سپرے2.5 ملی لیٹر / فی لیٹر پانی کے حساب سے پودے کے تنے سے5سے10 انچ دور سپرے کریں۔
- ☆ غیر بارآور پودوں کی شاخ تراشی کا عمل مکمل کرلیں۔

## جولائی

- ☆ آبپاشی کا عمل حسب ضرورت جاری رکھیں۔
- ☆ نئے باغات لگانے کے لیے داغ بیل اور گڑھے کھودنے کا کام مکمل کرلیں۔
- ☆ کھودے ہوئے گڑھوں میں گڑھے سے نکالی گئی چھ انچ اوپر والی مٹی میں بھل کی یکساں مقدار ملا کر اس میں 50 کلوگرام گوبر کی گلی سڑی ہوئی کھاد500 گرام ڈائی امونیم فاسفیٹ،250 گرام پوٹاشیم سلفیٹ اور40 گرام کاربوفیوران ملا کر گڑھے میں ڈال دیں اور اوپر والی سطح پر عام مٹی ڈال کر گڑھے کو بھر کر پانی لگا دیں۔
- ☆ بارش کی وجہ سے ہونے والے زمینی کٹاؤ کو درست کرتے رہیں۔
- ☆ پھلدار درختوں کا جائزہ لیں اگر پھل یا پتوں پر کسی بیماری کا حملہ نظر آئے تو مناسب زہر سے تدارک کریں۔
- ☆ زیتون کے پھل کی منڈی اور کاروباری مراکز سے متعلق معلومات حاصل کریں۔
- ☆ متعلقہ محکمہ اور دوسرے باغبان حضرات سے صلاح مشورہ کا عمل جاری رکھیں۔
- ☆ بارش کی وجہ سے زیادہ پانی جمع ہونے کی صورت میں پانی کے اخراج کا بندوبست کریں۔
- ☆ زیتون کے ہر بارآور پودے کو400سے500 گرام نائٹروجن300سے400 گرام فاسفورس اور750 گرام پوٹاش ڈالیں۔
- ☆ زیتون کے چھوٹے پودوں کی آبپاشی جاری رکھیں اور تین سال تک کی عمر کے پودوں کو70 سے 180 گرام نائٹروجن،100سے150 گرام فاسفورس اور100سے200 گرام پوٹاش ڈالیں۔

## اگست

- ☆ درختوں سے پھل توڑنے کے لیے تمام امور ضروری لوازمات مثلاً مزدور، سیڑھی، ترپال، پلاسٹک کی ٹوکریوں وغیرہ کا انتظام کرلیں۔
- ☆ پھل کی فروخت اور مصنوعات سازی سے متعلق معلومات حاصل کرلیں۔
- ☆ اچار بنانے کے لیے موٹے پھل والی اقسام مثلاً گیملک، ارلک، ہوجی بلنکا، ہامدی کا انتخاب کریں اور سبز حالت میں برداشت کریں۔
- ☆ پھل سے مربہ اور شربت وغیرہ بنانے کے لیے پھل کے پکنے کا انتظار کریں۔ آدھا پکا ہوا پھل توڑ کر اس سے مصنوعات سازی کریں۔
- ☆ نئے باغات لگانے کے لئے داغ بیل اور گڑھے نکالنے کا کام مکمل کرلیں۔
- ☆ نئے باغات لگانے کے لیے پودے حاصل کرنے کے لیے متعلقہ اداروں سے مشورہ کریں اور پودے مختص کروائیں۔